Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۱ { مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۹ جمادی الثانی ۱۳۵۲ھ مطابق ۳۰ ستمبر ۱۹۳۳ء } جلد ۳۵

حصہ اول -

خلاصہ احکام اجلاس ہمایوں اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	رخصت اے - ایچ - سی - لشوئز انچارج موٹر گیراج -	۲	(۲)	تبادل و تخفیف ملازمان رامپور ہوٹل مع منتقلی رقم بجٹ -	۲

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- واقع ۲۲ ستمبر ۱۹۳۳ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے

اے-ایچ-سی لیشونز انچارج موٹر گیراج کی رخصت یکماہ منظور شدہ سابق- بوجہ عدم استفادہ حسب رپورٹ منسلکہ منسوخ کیجاتی ہے- حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام سرشتہ صدر کو مرسل ہو

بائی آرڈر

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

روبکار:- واقع ۲۸ ستمبر ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ بموجب رپورٹ فرزند علی منیجر ہوٹل کو تنخواہ موجودہ تیس روپیہ ماہوار پر باورچیخانہ انگریزی میں اور مسی کنہیا لال محرر ہوٹل کو تنخواہ موجودہ پندرہ روپیہ ماہوار پر کنٹرولر آفس میں تبدیل کرنے کی اجازت دیجاتی ہے اور مبلغ ایک ہزار پچانوے روپیہ چھ پائی کی بچت ہوٹل سے مدات تحت میں منتقلی منظور کیجاتی ہے-

منتقلی رقم کا اجلاس ہمایوں میں نوٹ کرلیا جائے

(۱) بمد مصارف خورد و نوش رامپور ہوٹل زائد صرف شدہ

۔۔۔ اسماء ۔۔۔

(۲) بمد شاہرات باورچیخانہ انگریزی عہدہداری تنخواہ فرزند علی ۔۔۔ ماہانہ من ابتدائے ۱۹ ستمبر ۱۹۳۳ء

(۳) بمد شاہرات کنٹرولر آفس تنخواہ کنہیا لال محرر ۔۔۔ من ابتدائے ۱۹ ستمبر ۱۹۳۳ء

(۴) بمد شاہرات جواہر خانہ تنخواہ کنوری لال جوہری بشاہرہ پچاس روپیہ ماہانہ ۔۔۔ ماہانہ

الف ۔۔۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی آئندہ اجرائے احکام صاحب حبیب منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو-

---

"رامپور ہوٹل" کا ٹھیکہ اسپنسر کمپنی کے نام ہوجانے کے باعث منجملہ گیارہ اسم ملازمان ہوٹل مندرجہ فہرست منسلکہ کے نو اسم ۱۹ ستمبر ۱۹۳۳ء سے تخفیف کئے جائیں

فرزند علی منیجر کی تبدیلی بصیغہ باورچیخانہ اور کنہیا لال محرر کو "کنٹرولر آفس" میں تبدیل کئے جانے کا حکم پیشگاہ ہمایوں سے صادر فرمایا گیا ہے-

سرشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۲۸ ستمبر ۱۹۳۳ء

بعد اجرائے احکام اصل کاغذات صاحب ہوم سکریٹری منسٹر بہادر کی خدمت میں بھیجے جائیں-

تاریخ صدور سنہ صدور

دستخط صاحب منسٹر

فہرست عملہ رامپور ہوٹل

(۱)	فرزند علی	منیجر	[illegible] ماہوار	باورچی خانہ انگریزی مہمانداری میں منصرمی دوم پر تبدیل کیا جائے
(۲)	کنہیا لال	محرر	[illegible] ماہوار	کنٹرولر آفس میں تبدیل کیا جائے
(۳)	عنایت اشرف	باورچی	[illegible] ماہوار	تخفیف کیا جائے
(۴)	ببن	خدمتگار	[illegible] ماہوار	تخفیف کیا جائے
(۵)	ابن	مشالچی	[illegible] ماہوار	تخفیف کیا جائے
(۶)	عبدالرشید	میٹ	[illegible] ماہوار	تخفیف کیا جائے
(۷)	عثمان خان	فراش	[illegible] ماہوار	تخفیف کیا جائے
(۸)	علی حسین	چوکیدار	[illegible] ماہوار	تخفیف کیا جائے
(۹)	ہرسکھ	مالی	[illegible] ماہوار	تخفیف کیا جائے
(۱۰)	ننھن	سقہ	[illegible] ماہوار	تخفیف کیا جائے
(۱۱)	ہیرا	خاکروب	[illegible] ماہوار	تخفیف کیا جائے

مالیت [illegible]

مستقل ملازمان [illegible] ماہوار

تخفیف ملازمان [illegible] ماہوار

دستخط صاحب کنٹرولر بہادر ہاؤس ہولڈ
فار
صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر